فوری ریلیز کے لیے: 2022/19/12 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے مشرقی نیو یارک میں 2,400 سستے مکانات، میڈیکل کلینک، ریٹیل بنانے کے لئے 1.2$ بلین کی انقلابی تبدیلیاں لانے والی ترقیاتی سرمایہ کاری کا اعلان کیا

بروکلین ڈیولپمنٹ سینٹر میں بنیادیں ڈالنے سے 373$ ملین کی لاگت سے تعمیر نو کا ابتدائی مرحلہ جاری ہو چکا ہے، جس سے تقریباً 600 سستے گھر بنائے جائیں گے

ملٹی فیز کمیونٹی ڈیولپمنٹ جو ریاست کے اہم ترین بروکلین انیشئیٹو کا حصہ ہے، اس سے مشرقی نیویارک میں معاشی تفاوت دور کرنے میں مدد ملے گی

خاکے یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ بروکلن کے مشرقی نیویارک نامی علاقے میں 27 ایکڑ پر محیط سابقہ بروکلین ڈیولپمنٹ سینٹر کی زمین پر 1.2$ بلین سے انقلابی تبدیلی لانے والی تعمیرات شروع ہو چکی ہیں۔ 373$ ملین کے ابتدائی مرحلے میں 576 سستے گھر، 15,000 مربع فٹ پر محیط ایک نیا آؤٹ پیشنٹ میڈیکل کلینک، اور گراؤنڈ فلور پر 7,000 مربع فٹ ریٹیل جگہ تیار ہوگی۔ جب یہ منصوبہ مکمل ہو جائے گا، تو پورا ترقیاتی منصوبہ جسے العافیہ کا نام دیا گیا ہے اپنے اختتام تک پیدل چلنے والوں کے لئے سہولیات کے ساتھ ساتھ تفریحی مقامات اور صحت اور تندرستی کو فروغ دینے والے کمیونٹی وسائل کے حامل 2,400 سے زیادہ سستے مکانات تعمیر کرے گا۔ العافیہ ریاست کے اہم ترین بروکلین انیشئیٹو کا حصہ ہے جو بروکلین کی انتہائی ضرورت مند کمیونٹیز کے لئے سماجی، اقتصادی، اور صحت سہولیات کے اس تفاوت کو دور کر رہا ہے جو وہاں ایک طویل عرصے سے موجود ہے۔

"ہم مشرقی نیویارک کے لوگوں کے لئے صرف رہائشگاہیں تعمیر نہیں کر رہے، بلکہ ہم ایک کمیونٹی میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ نیویارک کے باسیوں کی نسلیں پھل پھول سکیں اور ترقی کر سکیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "2,400 نئے اور معیاری گھروں کی تعمیر اور سماجی خدمات اور صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کو بڑھانے کے ذریعے، العافیہ اس علاقے کو رہائش کے لئے زیادہ پرکشش، کم خرچ، زیادہ جامع اور صحت مند جگہ بنا دے گا۔ یہ حقیقتاً تبدیلی لانے والی سرمایہ کاری ہمیں نظام میں معاشرتی دراڑوں کو دور کرنے کی راہ پر گامزن کرے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ نیویارک کے تمام باشندوں کو خوشحال ہونے اور ترقی کرنے کا موقع ملے۔"

سنہ 2018 میں، ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ نے نیو یارک اسٹیٹ ہومز اور کمیونٹی رینیوئل کے تعاون سے مشرقی نیویارک کے اسپرنگ کریک علاقے میں بروکلین ڈویلپمنٹ سینٹر کے کیمپس میں ایک جدید، ہمہ جہت استعمال والے فلاح و بہبود پر مبنی ترقی لانے والے منصوبے کے لئے تجاویز طلب کی تھیں۔ جیتنے والی ترقیاتی ٹیم میں Apex Building Company، L+M Development Partners، Services for the UnderServed، اور RiseBoro Community Partnership شامل ہیں۔ اس سائٹ کا ماسٹر پلان Dattner Architects نے تیار کیا تھا۔

آخرکار، مجموعی BDC کی تعمیر نو، جسے العافیہ کا نام دیا گیا ہے، الگ الگ مراحل میں کی جائے گی اور

SCAPE Landscape Architecture کے ڈیزائن کردہ کھلی جگہ اور پیدل چلنے کی سہولیات کے ساتھ اس کیمپس میں تقریباً 2,400 سستے اپارٹمنٹس اور دیگر متفرق سہولیات تعمیر کیے جائیں گے۔

تعمیر نو کے پہلے مرحلے میں 452 اپارٹمنٹس والی 15 منزلہ عمارت اور 124 اپارٹمنٹس والی چھ منزلہ عمارت کی نئی تعمیر بھی شامل ہوگی۔ 15 منزلہ عمارت میں ایک مشترکہ لابی سے باہم منسلک دو ٹاورز شامل ہیں جن میں سے پہلے ٹاور میں 15,000 مربع فٹ کا میڈیکل کلینک اور دوسرے ٹاور میں 7,800 مربع فٹ کی دکانوں وغیرہ کے لئے جگہ ہے۔

آؤٹ پیشنٹ طبی سہولت One Brooklyn Health کے زیر انتظام چلے گی جس میں العافیہ اور آس پاس کی کمیونٹی کے رہائشیوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بنیادی نگہداشت اور خصوصی خدمات کی ایک وسیع رینج شامل ہوگی۔ توقع ہے کہ ریٹیل دکانوں وغیرہ والی جگہ میں پانچ تجارتی کرایہ دار ہوں گے جن کا بنیادی مقصد آس پڑوس کی خدمت کرنے والے مقامی چھوٹے کاروباروں کو راغب کرنا ہے۔

ذہنی صحت کے مسائل میں مبتلا افراد کے لئے 48 اپارٹمنٹس مختص کیے گئے ہیں جنہیں کرائے میں رعایت اور خدمات تک رسائی پانے کے لئے فنڈنگ ایمپائر سٹیٹ معاونتی ہاؤسنگ انیشیئٹو کی جانب سے ملے گی جبکہ وہ ریاست نیویارک کے ذہنی صحت کے دفتر کے زیرِ انتظام ہوں گے۔ مزید 88 معاونتی مکانات دانشورانہ یا بڑھوتری کے مسائل جیسی معذوریوں کے حامل افراد کے لئے مختص کیے جائیں گے جنہیں ریاست نیویارک کے نشونمائی معذوریوں میں مبتلا افراد کے دفتر کی فراہم کردہ فنڈنگ کے ذریعے کرایوں میں رعایت اور خدمات تک آسان رسائی ملے گی۔ 136 معاونتی مکانات کو سروس فراہم کرنے والے Services for the UnderServed ہیں۔

ابتدائی مرحلے میں دونوں عمارتیں Passive House ڈیزائن کے مقررہ معیار کی پابندی کرنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے اور اس میں کم توانائی استعمال کرنے والے حرارتی اور ٹھنڈک نظاموں کے لئے کلوزڈ لوپ جیوتھرمل ہیٹ پمپ سسٹم کا استعمال کیا جائے گا۔ ان میں چھت پر نصب کردہ شمسی پلیٹیں بھی ہوں گی جو شمسی توانائی کو بجلی میں تبدیل کریں گی اور ایک SHARC نامی ہیٹ ریکوری سسٹم بھی جو گندے پانی سے توانائی کو حرارت اور ٹھنڈک پیدا کرنے کے لئے استعمال کرتا ہے اور اسی سے پانی بھی گرم کرتا ہے۔

رہائشیوں کے پاس مفت تیز رفتار براڈ بینڈ کنکشن اور 7/24 سیکورٹی سروسز تک رسائی ہوگی۔ اضافی رہائشی سہولیات میں لانڈری کے کمرے، بائیک کھڑی کرنے کی جگہیں، اور تفریحی جگہیں شامل ہوں گی۔

پہلے مرحلے کے لیے ریاستی فنانسنگ میں 38.1$ ملین کے ٹیکس سے مستقل استثنی والے بانڈز اور کم آمدنی والوں کے لئے فیڈرل ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹس شامل ہیں جو ایکویٹی میں 117.8$ ملین اور نیویارک اسٹیٹ ہومز اور کمیونٹی رینیوول سے سبسڈی کی مد میں 174.9$ ملین پیدا کریں گے۔ نیویارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی تقریباً 450,000$ فراہم کرے گی اور یہ منصوبہ NY-Sun Multifamily Affordable Housing Incentive پروگرام کے ذریعے شمسی تنصیب کے لئے NYSERDA کی مالی اعانت کے لئے درخواست دینے کا بھی اہل ہے۔ اس کے علاوہ، توقع ہے کہ یہ منصوبہ شمسی اور جیوتھرمل ٹیکس کریڈٹ کے لئے بھی اہل ہو جائے گا کی جس سے ایکوئٹی کی مد میں 670,000$ پیدا ہوں گے۔ OMH بھی ESSHI کے 48 یونٹوں کے آپریٹنگ اخراجات کو فنڈ کرنے کے لئے سالانہ 1,200,000$ اور ابتدائی اخراجات کو پورا کرنے کے لئے پروگرام ڈویلپمنٹ گرانٹ میں 430,000$ فراہم کررہا ہے۔ اضافی مالی اعانت کئی متفرق نجی ذرائع کے امتزاج کے ذریعے فراہم کی جا رہی ہے۔

العافیہ رہائشگاہوں کو مزید کم قیمت، کم خرچ، اور بہتر و مستحکم بنانے کے لیے گورنر Hochul کے وسیع تر منصوبوں میں ایک بہترین اضافہ ہے۔ مالی سال 2023 کے ریاستی بجٹ میں، گورنر نے 25$ بلین کا، ایک ایسا نیا پانچ سالہ، جامع ہاؤسنگ منصوبہ متعارف کروایا اور اسے کامیابی سے منظور کروایا ہے جو نیویارک بھر میں 100,000 کم قیمت گھروں کی تعمیر یا بحالی کرتے ہوئے رہائش کی گنجائش میں اضافہ کرے گا، جس میں زدپذیر طبقات کے لیے معاونتی خدمات والے 10,000 گھروں کے علاوہ، 50,000 اضافی گھروں کو بجلی کی فراہمی بھی شامل ہے۔ گزشتہ ہفتے، گورنر Hochul اور میئر Eric Adams نے Logan Fountain کا سنگ بنیاد رکھنے کا اعلان کیا جو مشرقی نیویارک میں ملے جلے استعمال والا ایک منصوبہ ہے اور جس میں 174 مستقل طور پر کم

قیمت گھر شامل ہوں گے، ایک پناہ گاہ جس میں نیویارک کے 169 بے گھر باشندوں کے لئے گھر ہوں گے، اور 7,600 مربع فٹ سے زیادہ دکانوں وغیرہ کی جگہ شامل ہوگی۔

نیویارک اسٹیٹ ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "بروکلین ڈیولپمنٹل سینٹر پراپرٹی کی تعمیرِ نو ایک جامع، پائیدار اور فعال سستی ہاؤسنگ کمیونٹی کی تعمیر کے لئے ایک ایسا موقع ہے جو زندگی میں ایک بار ہی ملتا ہے جس سے صحت و تندرستی کو جلا ملے گی اور سینٹرل بروکلین میں رہنے والے نیویارک کے ہزاروں باسیوں کے لئے ترقیاتی مواقع پیدا ہوں گے۔ ہم 1.2$ بلین کے اس منصوبے میں سے 373$ ملین کے ابتدائی مرحلے پر تعمیرات کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے بہت پر جوش ہیں جو مستقبل کے رہائشیوں اور پورے مشرقی نیویارک علاقے والوں کی زندگیوں پر خاطر خواہ مثبت اثر ڈالے گا۔ معاونتی خدمات، ایک صحت کلینک، مفت وائی فائی، صاف توانائی کے استعمال، پرچون دکانوں کی جگہ، اور سستے کرایوں کے ساتھ یہ واقعی کم قیمت رہائشگاہیں تعمیر کرنے اور ان برادریوں کی ترقی و فلاح کی جانب ایک حقیقی جامع نکتہ نگاہ ہے جن کی خدمت ہمارے ذمے ہے۔"

ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ کے صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "العافیہ کم قیمت رہائش میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری کے ذریعے نیویارک کے تمام باشندوں کے لئے اقتصادی مواقع کو بڑھانے کے لئے گورنر Hochul کے عزم مصمم کی تازہ ترین مثال ہے۔ بروکلین ڈیولپمنٹل سینٹر کی تعمیر نو اور بحالی کا یہ منصوبہ جو Vital Brooklyn انیشئیٹو کے ذریعے ممکن بنا، آئندہ نسلوں کے لئے ایک صحت مند، کم خرچ، اور متحرک کمیونٹی کی تعمیر کے ذریعے سینٹرل بروکلین میں زندگی کی نئی روح پھونک دے گا۔"

نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "یہ منصوبہ گورنر Hochul کے نیویارک کے پسماندہ باسیوں کو مزید کم قیمت اور توانائی کی بچت کرنے والی رہائشگائیں فراہم کرنے میں مدد دینے کے اس عزم کا عکاس ہے جس کے ذریعے وہ پوری ریاست میں 2030 تک 2 ملین ماحول دوست گھر بنانا چاہتی ہیں۔ جیوتھرمل ہیٹ پمپ ٹکنالوجی اور قابل تجدید شمسی توانائی سے بجلی پیدا کرنے والے نظام کے استعمال کے ساتھ جب میں جب العافیہ ڈویلپمنٹ کا یہ منصوبہ مکمل ہوگا تو بروکلین کے مشرقی نیویارک کے باسیوں کے لئے صاف ستھرے اور پائیدار رہائشی مکانات بھی ہوں گے اور کمیونٹی میں زندہ رہنے کی جستجو اور جذبے کو بھی بہت شہہ ملے گی۔"

ریاست نیویارک کے ہدفتر برائے ذہنی صحت کی کمشنر Dr. Ann Sullivan نے کہا، "بروکلین ڈویلپمینٹ سینٹر کی تعمیر نو میں شامل معاونتی ہاؤسنگ اپارٹمنٹس سے ذہنی امراض میں مبتلا افراد کو محفوظ اور مستحکم گھر ایسی خدمات کے ساتھ ملیں گے جن کی انہیں اپنے گھروں اور کمیونٹیز میں زندگی گزارنے اور ترقی کی راہ پر گامزن ہونے کے لیے ضرورت ہے۔ معاونتی رہائش اور ذہنی صحت کی دیکھ بھال کے لئے گورنر Hochul کا عزم مصمم نیویارک کے ہزاروں باسیوں کو صحت مند اور مزید آزاد زندگی گزارنے میں مدد دے رہا ہے۔"

ریاست نیویارک کی ڈارمیٹری اتھارٹی کے صدر اور سی ای او Reuben McDaniel نے کہا، "DASNY کو اس اہم منصوبے کی معاونت کرنے پر فخر ہے جو مستقبل میں بروکلین کی کمیونٹی کو طویل عرصے تک فائدہ پہنچاتا رہے گا۔ گورنر Hochul کی قیادت میں ہم بروکلین میں سرمایہ کاری کرنے اور پوری ریاست نیویارک میں کمیونٹیز کی بحالی اور تعمیر نو کے لئے ہمہ تن کام کر رہے ہیں۔"

ریاست نیویارک کے دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کی کمشنر Kerri Neifeld نے کہا، "گورنر Hochul نے نشوونمائی معذوریوں کے ساتھ زندہ رہنے والے نیویارک کے باشندوں کو جامع اور معاونتی رہائش کے ایسے اختیارات فراہم کرنے کو اپنی مسلسل ترجیح بنایا ہوا ہے جو ترقی پانے اور زندگی میں پھلنے پھولنے میں کمیونٹیز ان کا ہاتھ بٹائیں۔ یہ بہت خاص پہلو ہے کہ نشونمائی معذوریوں کے حامل افراد کے لئے 88 اپارٹمنٹس بروکلین ڈیولپمنٹل سینٹر نامی ایک سابق ادارے کی سائٹ پر تعمیر کیے جارہے ہیں، کیونکہ اس کی بندش OPWDD کے ان 19 اقدامات کا جزو تھا جو کمیونٹی کی زندگیوں کو ترقی دینے کا ہدف حاصل کرنے کے لئے کیے گئے تھے۔ میں اس تبدیلی کا شدت سے منتظر ہوں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ آزادانہ طور پر رہنے کے اپنے خواب کو پورا کرسکیں۔"

ریاستی سینیٹر Roxanne J. Persaud نے کہا، "نئے العافیہ ترقیاتی منصوبے کا مرحلہ 1 اس علاقے یں تقریباً 500 خوبصورت نئے اپارٹمنٹس تعمیر کرے گا جن میں سے 132 یونٹس ایسی معاونتی رہائشگاہیں ہوں گی جن کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ وائٹل بروکلین انیشیٹو سابق بروکلین ڈیولپمنٹل سینٹر کیمپس میں انقلابی تبدیلیاں لا رہا ہے، اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ کمزور نیویارک باسیوں کے لئے سروسز اب بھی سائٹ پر دستیاب ہوں گی۔"

اسمبلی ممبر Nikki Lucas نے کہا، "العافیہ ترقیاتی منصوبہ ہماری کمیونٹی کے لئے ایک اہم قدم کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہمیں کم قیمت رہائش اور ایک اضافی میڈیکل سینٹر کی اشد ضرورت ہے۔ میں اس کمیونٹی پارٹنرشپ میں ڈویلپرز اور گورنر آفس کے ساتھ کام کرنے کی منتظر ہوں جس کی ابتدا آج سنگ بنیاد رکھنے کے ساتھ ہو گئی، اور میں تعمیر کی شروعات سے تکمیل تک ہر مرحلے میں ان کے ساتھ ساتھ رہوں گی۔ اس کے اہداف میں کمیونٹی کے افراد کے لئے روزگار کے مواقع کی ضمانت اور اپارٹمنٹس کو ان افراد کے لئے محفوظ بنانا شامل ہونا چاہئے جو اس وقت 60 ویں اسمبلی ڈسٹرکٹ کے اندر رہتے ہیں۔ مزید برآں، میں کمیونٹی کے ساتھ انہیں درخواست دینے والی کاروائی کے لئے تیار کرنے کی بھی منتظر ہوں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ڈسٹرکٹ کے رہائشی روزگار اور رہائش کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے خود کو رجسٹر کروانے کے طریقوں سے پوری طرح آگاہ ہوں۔"

بروکلین بارو کے صدر Antonio Reynoso نے کہا، "مشرقی نیویارک اپنی بروکلین کمیونٹی کے لئے ایک بار پھر احسن اقدام کر رہا ہے اور یہاں کے باسیوں کے لئے سینکڑوں کم قیمت گھر، صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات، اور دکانوں وغیرہ کی جگہیں بنا رہا ہے۔ ہمیں نہ صرف یہاں مشرقی نیویارک میں بلکہ ہر جگہ رہائشگاہوں کے بحران کا مقابلہ کرنے کے لئے تیز رفتاری سے تعمیرات کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے بارو کے ہر محلے کو بروکلین کی سماجی اور اقتصادی فلاح و بہبود کو کامیاب کرنے میں اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، اور میں بہت شکر گزار ہوں کہ بروکلین ڈویلپمینٹ سینٹر کی پراپرٹی اس میں اولین کردار ادا کر رہی ہے۔ گورنر Hochul اور ان سب ایجنسیوں اور تنظیموں کا شکریہ جنہوں نے اسے ممکن بنانے کے لئے باہم مل کر کام کیا۔"

One Brooklyn Health کے صدر اور سی ای او LaRay Brown نے کہا، "مستحکم، محفوظ اور کم قیمت رہائشگاہیں اور صحت کی دیکھ بھال کی قابل رسائی سہولیات کا ایکوئٹی پیدا کرنے میں ایک مربوط اور قدرتی کردار ہوتا ہے۔ ہم گورنر کے وژن کو حقیقت میں بدلنے کے لئے مل کر کام کرنے پر بہت پر جوش ہیں۔"

Services for the UnderServed کے صدر اور سی ای او Dr. Jorge R. Petit نے کہا، "گھر صرف کوئی عمارت نہیں ہوتی۔ گھر استحکام، حفاظت، برادری، اور ملکیت کا احساس ہے۔ نیویارک کے ضرورت مند باسیوں کے لئے سروس فراہم کنندہ کی حیثیت سے یہ ضروری ہے کہ گھروں کی فراہمی جاری رکھی جائے اور محفوظ کمیونٹیز کو باغات اور تفریحی مقامات اور لازمی کمیونٹی سہولیات تک رسائی فراہم کی جاتی رہے۔ ہم بہت پُرجوش ہیں کہ العافیہ مشرقی نیویارک میں وافر باغات اور تفریحی مقامات والی کم قیمت اور معاونتی رہائشگاہیں لائے گی۔ S:US کے لئے اس سے زیادہ فخر کی بات اور کیا ہوگی کہ وہ اس انقلابی اقدام کا حصہ ہے۔"

L+M Development Partners کی سی ای او Lisa Gomez نے کہا، "یہ اہم ابتدائی منصوبہ کم قیمت رہائش سے کہیں زیادہ کچھ اور بھی پیش کرے گا - یہ وہ معیار قائم کرے گا کہ شدید ضرورت مند طبقات کے لئے میں مستقبل میں مکانات کی تعمیر کس انداز سے کی جانی چاہئے، یعنی ہر مرحلے پر صحت کی سہولیات اور پائیداری اور استحکام کو کیسے ترجیح دی جائے گی۔ ان علاقوں میں صحت مند زندگی کو فروغ دینے کی خاطر ڈیزائن کردہ کم قیمت رہائشگاہوں کی تعمیر جہاں اس کی ضرورت زیادہ ہے انتہائی اہمیت کی حامل ہے، تعمیراتی ساز و سامان سے لے کر فراہم کی جانے والی خدمات تک۔ ہم اس معاملے پر گورنر Hochul کے ان کی قیادت کے لئے شکر گزار ہیں، اور اپنے ان تمام شراکت داروں کے بھی جو اس منصوبے کو ممکن بنانے میں مدد کر رہے ہیں۔"

Apex Building Group کے سی ای او Lee Brathwaite نے کہا، "زندگی میں بہت کم مواقع پر ایسا ہوتا ہے کہ کوئی ایسا منصوبہ آئے جو کسی علاقے اور کمیونٹی کے لوگوں کی زندگیوں میں انقلابی تبدیلیاں لانے میں مدد کرسکتا ہو۔ العافیہ پوری زندگی میں ملنے والے ان منصوبوں میں سے ایک ہے اور Apex کو اس کا حصہ بننے پر انتہائی فخر ہے۔ یہ منصوبہ Apex کے معیاری اور کم قیمت رہائشگاہیں بنانے والا اپنا مشن پورا کرنے کے لئے کام

جاری رکھنے کی اجازت دے رہا ہے، اور ساتھ ہی ایسا ماحول بھی پیدا کر رہا ہے جہاں مشرقی نیویارک کے باسی صحت مند اور خوش حال زندگی گزار سکتے ہیں۔"

RiseBoro Community Partnerships کے سی ای او Scott Short نے کہا، "RiseBoro نے 50 سال سے زائد عرصے سے کمیونٹی شراکت داروں، مقامی حکومتوں اور نجی سرمایہ کاروں کے ساتھ مل کر کام کیا ہے تاکہ نیویارک کے باسیوں کو ان کے زپ کوڈ سے قطع نظر معیاری اور سستی رہائش تک رسائی حاصل کرنے میں مدد ملے۔ میں بہت پرجوش ہوں کہ العافیہ سستی اور معاونتی رہائشگاہوں کے ذریعے صحت مند اور خوشحال علاقوں کو فروغ دینے میں RiseBoro کے کمیونٹی پر مرکوز مشن کی ایک اور مثال بن سکتی ہے۔"

Goldman Sachs Asset Management کے اندر اربن انویسٹمنٹ گروپ کے مینیجنگ ڈائریکٹر Yarojin Robinson نے کہا، "معیاری کم قیمت رہائشگاہیں بنانا اور ان کا تحفظ کرنا اربن انویسٹمنٹ گروپ کا اہم ترین اصول ہے۔ ہم شراکت داروں کی ایک مضبوط اتحاد کے ساتھ شامل ہونے کے لئے بہت پُرجوش ہیں جو گورنر Hochul کی حمایت کے ساتھ مزید مضبوط ہوا ہے، کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ منصوبہ مشرقی نیویارک کی کمیونٹی میں بہت سے لوگوں کے لئے معاشی استحکام اور مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔"

Wells Fargo کے مینیجنگ ڈائریکٹر Page Travelstead نے کہا، "العافیہ منصوبے کا پہلا مرحلہ مشرقی نیویارک کی تعمیرِ نو اور بحالی کے تصور کی تکمیل کا اظہار ہے - یعنی سستی گھروں، صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات، کمیونٹی کے لئے قابل رسائی دکانوں، اور کام اور تفریح کے لئے جگہیں، یہ سب کچھ ایک ساتھ ایک ہی جگہ پر۔ اب ہمارا مقصد پہلے سے کہیں زیادہ ایسی سرمایہ کاریوں کو ترجیح دینا ہے جو نیویارک کے تمام باسیوں کے لئے مزید بہتر اور زیادہ پائیدار رہائشی مواقع اور منصوبوں کے فروغ میں مدد دیں۔ Wells Fargo کو اپنے متعدد کلیدی شراکت داروں کے ساتھ مل کر پہلی عمارت کی تعمری کے لئے مالی اعانت فراہم کرنے پر فخر ہے جس میں سستی رہائش کے 452 یونٹس شامل ہیں جو اسپرنگ کریک کی اس متحرک، ہم آہنگ کمیونٹی کے لئے اقتصادی اور ثقافتی مواقع پیدا کرنے کے لئے ایک اہم پل کا کام کریں گے۔"

سینٹرل بروکلین میں نئی روح پھونکنا

سینٹرل بروکلین ایک طویل مدت سے سرمایہ کاری کے فقدان اور پسماندگی کا شکار ہے جو اس کے رہائشیوں کی فلاح و بہبود میں رکاوٹ ہے۔ یہاں کے رہائشیوں کو صحت کے مسائل کی بلند شرحوں کا؛ صحت مند کھانوں اور جسمانی سرگرمی کے مواقع تک محدود رسائی؛ اور تشدد اور جرائم کی بلند شرح کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سینٹرل بروکلین بے روزگاری، غربت کی بلند سطح، اور صحت کی دیکھ بھال کی معیاری سہولیات تک ناکافی رسائی کی وجہ سے وسیع اقتصادی عدم مساوات سے بھی متاثر ہے۔

دس ترقیاتی منصوبے جو فی الوقت جاری ہیں یا پایۂ تکمیل کو پہنچ چکے ہیں اور جن کا انتخاب ایک شفاف مسابقتی عمل کے ذریعے کیا گیا تھا، وہ Vital Brooklyn کے سینٹرل بروکلین میں 4,000 ایسے کم قیمت گھر بنانے کے عزم کو آگے بڑھانے میں کلیدی مقام رکھتے ہیں جن میں سماجی، طبی اور کمیونٹی کی خدمات؛ تفریحی اور تعلیمی مواقع؛ خاندانی رہائش؛ اور معاونتی خدمات والے اپارٹمنٹس سب کچھ شامل ہیں۔

وائٹل بروکلین انیشیٹو کے بارے میں

بروکلین انیشیٹو 2017 کے موسم بہار میں شروع کیا گیا تھا تاکہ بروکلین کے رہائشیوں کو متاثر کرنے والے فرق کو دور کیا جاسکے اور بروکلین کی سب سے کمزور کمیونٹیز میں کمیونٹی کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے ایک نیا نمونہ بنایا جاسکے۔ سینٹرل بروکلین میں ہر رکن اسمبلی نے کمیونٹی کے قائدین، مقامی ماہرین، ایڈووکیٹس اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک کمیونٹی ایڈوائزری کونسل کا اہتمام کیا تاکہ اپنے اضلاع میں منفرد ضروریات اور مواقع پر غور کیا جاسکے اور طویل مدتی حل تیار کیا جاسکے۔ سینٹرل بروکلین کے کچھ حصوں کی نمائندگی کرنے والے ریاستی سینیٹرز کو بھی اس عمل میں باقاعدگی سے شامل کیا گیا۔ کُل 25 کمیونٹی میٹنگز میں تقریباً 100 کلیدی کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کو اکٹھا کیا گیا۔ دس سائٹوں کے لئے RFPs سنہ 2018 اور 2019 میں جاری کیے گئے تھے، جن میں ڈویلپمنٹ پارٹنرز کو 2020 تک منتخب کیا گیا تھا۔ پانچ پروجیکٹس میں تعمیر شروع ہو چکی ہے، باقی پروجیکٹس اور مراحل اگلے چند سالوں میں شروع ہو جائیں گے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418